PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# سپیشل پریس ریلیز

## موضوع: " سنیپ پول 2020"

## " پاکستان میں کورونا وائرس"

# کورونا وائرس سے متاثر ہونے کے خوف نے پوری دنیا کے لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ ہر 5 میں سے 3 (61%) پاکستانیوں کا دعویٰ ہے کہ وہ اس بات سے خوفزدہ ہیں کہ وہ یا اُن کے گھرانے میں کوئی فرد کورونا وائرس سے متاثر ہوسکتا ہے۔

(گیلپ انٹرنیشنل اور گیلپ پاکستان پول)،

اسلام آباد، 26مارچ، 2020

مارچ 2020 میں منعقد ہونے والے گیلپ انٹرنیشنل سنیپ پول کے مطابق، کورونا وائرس سے متاثر ہونے کے خوف نے پوری دنیا کے لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ ہر 5 میں سے 3 (61%) پاکستانیوں کا دعویٰ ہے کہ وہ اس بات سے خوفزدہ ہیں کہ وہ یا اُن کے گھرانے میں کوئی فرد کورونا وائرس سے متاثر ہوسکتا ہے۔

دنیا بھر میں سے، کورونا وائرس سے متاثر ہونے کے خوف کی شرح کے حوالے سے پاکستان کا نمبر 18 ہے۔ اٹلی، انڈونیشیا، اور کوریا میں تقریباً 90% جوابدہندگان اس بات سے متفق ہیں کہ وہ کورنا وائرس کا شکار ہونے کے حوالے سے خوفزدہ ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طورپر منتخب خواتین وحضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ۔ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حدتک متفق یا غیر متفق ہیں کہ میں اس بات سے خوفزدہ ہوں کہ میں یا میرے گھروالوں میں سے کوئی فرد کورونا وائرس کا شکار ہو سکتا ہے؟"**، اس سوال کے جواب میں 61% جوابدہندگان متفق ہیں کہ وہ اس بات سے خوفزدہ ہیں، جبکہ 36% جوابدہندگان اس بات سے غیر متفق ہیں کہ وہ اس بات سے خوفزدہ ہیں کہ وہ یا اُن کے گھرانے کا کوئی فرد کورونا وائرس کا شکار ہو سکتا ہے، تاہم 3% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**دنیا بھر کے نتائج:** دنیا بھر میں 67% جوابدہندگان متفق ہیں کہ وہ کرونا وائرس سے متاثر ہونے کے حوالے سے خوفزدہ ہیں، جبکہ 29% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے خوفزدہ نہیں ہیں کہ وہ یا اُن کے گھرانے کا کوئی فرد کورونا وائرس کا شکار ہو سکتا ہے۔

پاکستان کے نتائج کا دنیا بھر کے نتائج سے موازنہ کیا جائے تو، کورونا وائرس کا شکار ہونے کے حوالے سے پاکستان کی خوف کی درجہ بندی 10 ممالک سے اوپر/ زیادہ ہے اور 17 ممالک سے کم ہے۔

**ممالک کے نتائج:** بھارت میں، 71% جوابدہندگان متفق ہیں کہ وہ اس بات سے خوفزدہ ہیں کہ وہ یا اُن کے گھرانے کا کوئی فرد کورونا وائرس کا شکار ہو سکتا ہے، جبکہ 25% جوابدہندگان کے مطابق غیر متفق ہیں وہ اس بات سے بالکل بھی خوفزدہ نہیں ہیں۔

افغانستان میں، 50% جوابدہندگان اس وائرس کا شکار ہونے کے حوالے سے خوفزدہ ہیں، جبکہ 49% جوابدہندگان اس بات سے غیر متفق ہیں۔

"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیرمتفق ہیں کہ میں اس بات سے خوفزدہ ہوں کہ میں یا میرے گھروالوں میں سے کوئی فرد کورونا وائرس کا شکار ہو سکتا ہے؟"




*Source: Snap Poll 2020*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

*یہ نتائج گیلپ انٹرنیشنل (جسے 1947 میں عالمی شہرت یافتہ اسکالر اور پولسٹر ڈاکٹر جارج گیلپ نے قائم کیا تھا) کی جانب سے تشکیل دیے جانے والے سروے جسے خصوصی 28 ملکوں میں منعقد کیا گیا تھا میں سے ہیں۔ اور پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے کیا ہے جو کہ سروے کرنے والے اداروں میں سے پاکستان کا سب سے تجربہ کار اور قابل اعتماد ادارہ ہے جو کہ 1979 کے بعد سے کام کر رہا ہے۔ اس سروے میں دنیا بھر کے 24،652 افراد شامل ہیں جو کہ مختلف نسلوں، خطوں، مذاہب، عمر اور جنس کے افراد ہیں۔*

*نوٹ: یہ سروے گذشتہ ہفتے ملک بھر میں لاک ڈاؤن شروع ہونے سے پہلے کیا گیا تھا اور ہم اس حوالے سے عوام کی رائے جاننے کا رکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔*

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 26 March 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years

of Gallup Pakistan
(1980-2020)